# Urdu

| | |
|---|---|
| **Section Id :** | 22689514560 |
| **Section Number :** | 1 |
| **Section type :** | Online |
| **Mandatory or Optional :** | Mandatory |
| **Number of Questions :** | 41 |
| **Number of Questions to be attempted :** | 41 |
| **Section Marks :** | 250 |
| **Maximum Instruction Time :** | 0 |
| **Sub-Section Number :** | 1 |
| **Sub-Section Id :** | 22689529110 |
| **Question Shuffling Allowed :** | No |

**Question Id : 226895701698 Question Type : COMPREHENSION Sub Question Shuffling Allowed : Yes Group Comprehension Questions : No Question Pattern Type : NonMatrix**

**Question Numbers : (251 to 254)**

انگریز اس حقیقت سے واقف تھے کہ تجارت کے فروغ اور ملک پر حکمرانی کے لیے یہاں کی زبان، طور طریقوں، رسم و رواج اور قاعدے قانون سے واقفیت ضروری ہے۔ اس وقت حکومت کی زبان فارسی تھی لیکن عوامی سطح پر بولی اور سمجھی جانے والی زبان اردو تھی۔ انگریز گورنر جنرل ولیزلی نے یہ محسوس کیا کہ انگلینڈ سے آنے والے نئے حکام اور عام ملازمین دیسی زبانوں سے واقف ہوں تو یہاں کے مالی اور فوجی انتظامات بہتر طور پر سنبھالے جاسکتے ہیں۔ چنانچہ 4 مئی 1800 کو ایک مستقل تعلیمی ادارے 'فورٹ ولیم کالج' کا قیام عمل میں آیا۔ ولیزلی نے کالج میں کئی شعبے قائم کیے اور لائق اساتذہ کا تقرر کیا۔ ڈاکٹر جان گلکرسٹ کو ہندوستانی زبان کے شعبے کا صدر منتخب کیا گیا۔ گلکرسٹ نے زبان کے مسائل میں گہری دل چسپی لی۔ انھوں نے نہ صرف خود تصنیف وتالیف کا کام کیا بلکہ اس عہد کے کئی نامور نثر نگاروں کی خدمات حاصل کیں اور ان سے ایسی کتابیں ترجمہ، تصنیف وتالیف کرائیں جن میں سے اکثر آج بھی اہمیت رکھتی ہیں۔

فورٹ ولیم کالج کے نامور قلم کاروں میں میر امن دہلوی، حیدر بخش حیدری، کاظم علی جواں، مرزا علی لطف، شیر علی افسوس، میر بہادر علی حسینی، مظہر علی خاں ولا اور للولال جی قابل ذکر ہیں۔ ان ادیبوں کی تصانیف میں میر امن کی 'باغ و بہار' کا نام سرفہرست ہے۔

**Sub questions**

**Question Number : 251 Question Id : 226895701699 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**

**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

ہندوستانی زبان کے شعبے کا صدر کسے منتخب کیا گیا؟

1. ڈاکٹر جان گلکرسٹ
2. گورنر جنرل ولیزلی
3. شیر علی افسوس
4. للولال جی

**Options :**

2268952720618. 1
2268952720619. 2
2268952720620. 3
2268952720621. 4

**Question Number : 252 Question Id : 226895701700 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**

**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

'باغ و بہار' کے مصنف کون ہیں؟

1. کاظم علی جواں
2. مظہر علی خاں ولا
3. میر امن دہلوی
4. میر بہادر علی حسینی

**Options :**

2268952720622. 1
2268952720623. 2
2268952720624. 3
2268952720625. 4

**Question Number : 253 Question Id : 226895701701 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فورٹ ولیم کالج کے قیام کے وقت حکومت کی زبان کیا تھی ؟

1. انگریزی
2. اردو
3. فرانسیسی
4. فارسی

**Options :**
2268952720626. 1
2268952720627. 2
2268952720628. 3
2268952720629. 4

**Question Number : 254 Question Id : 226895701702 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

1800 میں فورٹ ولیم کالج کو کس نے قائم کیا؟

1. ڈاکٹر جان گلکرسٹ
2. گورنر جنرل ولیزلی
3. لارڈ کرزن
4. میر امن دہلوی

**Options :**
2268952720630. 1
2268952720631. 2
2268952720632. 3
2268952720633. 4

| | |
|---|---|
| **Sub-Section Number :** | 2 |
| **Sub-Section Id :** | 22689529111 |
| **Question Shuffling Allowed :** | No |

**Question Id : 226895701703 Question Type : COMPREHENSION Sub Question Shuffling Allowed : Yes Group Comprehension Questions : No Question Pattern Type : NonMatrix**
**Question Numbers : (255 to 258)**

اشاروں کنایوں کے باوجود راحت میاں نہ تو خود منھ سے پھوٹے اور نہ ہی ان کے گھر ہی سے پیغام آیا۔ تھک ہار کر بی اماں نے پیروں کے توڑے گروی رکھ کر پیر مشکل کشا کی نیاز دلا ڈالی۔ دوپہر بھر محلے ٹولے کی لڑکیاں صحن میں دھوم مچاتی رہیں۔ بی آپا شرمائی لجائی مچھروں والی کوٹھری میں اپنے خون کی آخری بوندیں چسانے کو جا بیٹھیں۔۔۔۔۔ بی آپا کی سہیلیاں ان کو چھیڑ رہی تھیں اور وہ خون کی بچی کچھی بوندوں کو تاؤ میں لا رہی تھیں۔ آج کئی روز سے ان کا بخار نہیں اترا تھا۔ تھکے ہارے دیے کی طرح ان کا چہرہ ایک بار ٹمٹماتا اور پھر بجھ جاتا۔ اشارے سے انھوں نے مجھے اپنے پاس بلایا۔ اپنا آنچل ہٹا کر نیاز کے ملیدے کی طشتری مجھے تھما دی۔

اس پر مولوی صاحب نے دم کیا۔ ان کی بخار سے دہکتی ہوئی گرم گرم سانس میرے کان میں لگی۔۔۔۔۔

"یہ۔۔۔ یہ ملیدہ۔" اس نے اچھلتے ہوئے دل کو قابو میں رکھتے ہوئے کہا۔ اس کے پیر لرز رہے تھے۔ جیسے وہ سانپ کی بانبی میں گھس آئی ہو۔ اور پھر پہاڑ کھسکا۔۔۔۔! اور منھ کھول دیا۔ وہ ایک دم پیچھے ہٹ گئی۔ مگر دور کہیں بارات کی شہنائیوں نے چیخ لگائی۔ جیسے کوئی ان کا گلا گھونٹ رہا ہو۔ کانپتے ہاتھوں سے مقدس ملیدے کا نوالہ بنا کر اس نے راحت کے منھ کی طرف بڑھا دیا۔

**Sub questions**

**Question Number : 255 Question Id : 226895701704 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

بی اماں نے اپنے پیروں کے توڑے کیوں گروی رکھے؟

1. بھوکی بٹی کو کھلانے کے لیے
2. نیاز دلانے کے لیے
3. بی آپا کی سہیلیوں کے لیے
4. مولوی صاحب کی خوشی کے لیے

**Options :**
2268952720634. 1
2268952720635. 2
2268952720636. 3
2268952720637. 4

**Question Number : 256 Question Id : 226895701705 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

مچھروں والی کوٹھری میں اپنا خون چسانے کو کون جا بیٹھیں؟

1. مولوی صاحب
2. راحت میاں
3. بی اماں
4. بی آپا

**Options :**
2268952720638. 1
2268952720639. 2
2268952720640. 3
2268952720641. 4

**Question Number : 257 Question Id : 226895701706 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

اشارے سے بلا کر کس نے نیاز کے ملیدے کی طشتری تھمادی؟

1. بی آپا نے
2. اماں نے
3. سہیلیوں نے
4. راحت میاں نے

**Options :**
2268952720642. 1
2268952720643. 2
2268952720644. 3
2268952720645. 4

**Question Number : 258 Question Id : 226895701707 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

مقدس ملیدے کا نوالہ بنا کر کس نے راحت کے منھ کی طرف بڑھا دیا؟

1. سہیلیوں نے
2. مولوی صاحب نے
3. بی اماں نے
4. بی آپا نے

**Options :**
2268952720646. 1
2268952720647. 2
2268952720648. 3
2268952720649. 4

| | |
|---|---|
| **Sub-Section Number :** | 3 |
| **Sub-Section Id :** | 22689529112 |
| **Question Shuffling Allowed :** | No |

**Question Id : 226895701708 Question Type : COMPREHENSION Sub Question Shuffling Allowed : Yes Group Comprehension Questions : No Question Pattern Type : NonMatrix**
**Question Numbers : (259 to 262)**

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اس وقت آغا تین درویش صورت بزرگوں کے حلقے میں مہابلی اکبر کے دور کی خوبیاں اور برکتیں نہایت وارفتگی سے بیان کر رہے تھے۔ گویا سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں۔ ابوالفضل کے قتل تک پہنچے تو ایسی ہچکی بندھی کہ معلوم ہوتا تھا کہ انھیں اس واردات کی اطلاع ابھی ابھی ملی ہے۔ اس حرکت پر وہ شیخو کو ڈانٹ ڈپٹ کر ہی رہے تھے کہ اتنے میں پہلا درویش بول اٹھا: "اماں چھوڑو بھی، بھلا وہ بھی کوئی زمانہ تھا، جب لوگ چار گھنٹے فی میل کی رفتار سے سفر کرتے تھے۔ اور رؤسا تک جمعہ کے جمعہ نہاتے تھے۔" اس کا منھ آغا نے یہ کہہ کر بند کر دیا کہ حضرت اس سنہری زمانے میں ایسی سڑی گرمی کہاں پڑتی تھی۔

یہ نوک جھونک چل رہی تھی کہ پہلا درویش پھر گمبھیر لہجے میں بولا: "قاعدہ ہے کہ کوئی دور اپنے آپ سے مطمئن نہیں ہوتا۔ آج آپ اکبر اعظم کے دور کو یاد کر کے روتے ہیں۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ اگر آپ اکبر کے عہد میں پیدا ہوتے تو علاء الدین خلجی کے وقتوں کو یاد کر کے آبدیدہ ہوتے۔ اپنے عہد سے غیر مطمئن ہونا بجائے خود ترقی کی نشانی ہے۔"

"سچ تو یہ ہے کہ حکومتوں کے علاوہ کوئی بھی اپنی موجودہ ترقی سے مطمئن نہیں ہوتا۔" چگی داڑھی والے درویش نے کہا۔

**Sub questions**

**Question Number : 259 Question Id : 226895701709 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

اکبر کے دور کی خوبیاں اور برکتیں نہایت وارفتگی سے کون بیان کر رہا تھا؟

1. آغا
2. درویش
3. ابوالفضل
4. علاء الدین خلجی

**Options :**
2268952720650. 1
2268952720651. 2
2268952720652. 3
2268952720653. 4

**Question Number : 260 Question Id : 226895701710 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

"قاعدہ ہے کہ کوئی دور اپنے آپ سے مطمئن نہیں ہوتا۔"

یہ جملہ کس نے ادا کیا؟

1. آغا صاحب
2. ابوالفضل
3. پہلا درویش
4. مہابلی اکبر

**Options :**
2268952720654. 1
2268952720655. 2
2268952720656. 3
2268952720657. 4

**Question Number : 261 Question Id : 226895701711 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

"سچ تو یہ ہے کہ حکومتوں کے علاوہ کوئی بھی موجودہ ترقی سے مطمئن نہیں ہوتا۔"

یہ جملہ کس نے ادا کیا؟

1. علاءالدین خلجی
2. ابوالفضل
3. پہلا درویش
4. چگی داڑھی والے درویش

**Options :**
2268952720658. 1
2268952720659. 2
2268952720660. 3
2268952720661. 4

**Question Number : 262 Question Id : 226895701712 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

اپنے عہد سے غیر مطمئن ہونا کس چیز کی نشانی ہے؟

1. تنزلی کی
2. ترقی کی
3. عزت کی
4. غربت کی

**Options :**
2268952720662. 1
2268952720663. 2
2268952720664. 3
2268952720665. 4

| | |
|---|---|
| **Sub-Section Number :** | 4 |
| **Sub-Section Id :** | 22689529113 |
| **Question Shuffling Allowed :** | Yes |

**Question Number : 263 Question Id : 226895701713 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

مترادف کس کو کہتے ہیں؟

1. ایسا لفظ جس کا کوئی معنی نہ ہو
2. ایک ہی لفظ کے دو معنی ہو
3. معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے سے قریب ہو
4. معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہو

**Options :**
2268952720666. 1
2268952720667. 2
2268952720668. 3
2268952720669. 4

**Question Number : 264 Question Id : 226895701714 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے؟

آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟

غزل کا یہ پہلا شعر ہے۔ اس کو کیا کہتے ہیں؟

1. مقطع
2. مطلع
3. تخلص
4. قافیہ

**Options :**
2268952720670. 1
2268952720671. 2
2268952720672. 3
2268952720673. 4

**Question Number : 265 Question Id : 226895701715 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

'متضاد' الفاظ کسے کہتے ہیں؟

1. جو ایک دوسرے کے قریب ہو
2. جو لفظ سے پہلے آئے
3. جس کے بغیر لفظ مکمل نہ ہو
4. جو معنی میں ایک دوسرے کی ضد ہو

**Options :**
2268952720674. 1
2268952720675. 2
2268952720676. 3
2268952720677. 4

**Question Number : 266 Question Id : 226895701716 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). تک وہ کھنڈر نہ ہو جائے۔

(B). وقت تک خاطر میں نہیں لاتے جب

(C). انگریزوں کا وطیرہ ہے کہ

(D). وہ کسی عمارت کو اس

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(D) , (C) , (B) & (A) .1
(D) , (B) , (C) & (A) .2
(C) , (D) , (B) & (A) .3
(A) , (D) , (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720678. 1
2268952720679. 2
2268952720680. 3
2268952720681. 4

**Question Number : 267 Question Id : 226895701717 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

'ڈر' کا مترادف لفظ کیا ہے؟

1. پیار
2. خوف
3. انکسار
4. عشق

**Options :**
2268952720682. 1
2268952720683. 2
2268952720684. 3
2268952720685. 4

**Question Number : 268 Question Id : 226895701718 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

میں اوس بن کے برس جاؤں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سبزے پہ

صحیح لفظ سے خالی جگہ پُر کیجیے۔

1. کسی کے
2. ہمارے
3. تیرے
4. اپنے

**Options :**
2268952720686. 1
2268952720687. 2
2268952720688. 3
2268952720689. 4

**Question Number : 269 Question Id : 226895701719 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'شب' کا متضاد کیا ہے؟

1. دن
2. روز
3. رات
4. صبح

**Options :**
2268952720690. 1
2268952720691. 2
2268952720692. 3
2268952720693. 4

**Question Number : 270 Question Id : 226895701720 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ ''شمشیر'' کے کیا معنی ہیں؟

1. تقدیر
2. شیر کی جمع
3. سیلاب
4. تلوار

**Options :**
2268952720694. 1
2268952720695. 2
2268952720696. 3
2268952720697. 4

**Question Number : 271 Question Id : 226895701721 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'شبنم' کا مترادف کیا ہے؟

1. اوس
2. بارش
3. جھرنا
4. شعلہ

**Options :**
2268952720698. 1
2268952720699. 2
2268952720700. 3

2268952720701. 4

**Question Number : 272 Question Id : 226895701722 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). کے ذریعے سے نہیں، کیونکہ یہ طریقہ اب تک بے سود ثابت ہوا ہے۔

(B). سرسید نے انشاپردازی کی ترقی کے جو طریقے

(C). درجے کے انگریزی مضامین کو اردو زبان کا قالب پہنایا لیکن ترجمے

(D). ایجاد کیے، ان میں سے ایک یہ تھا کہ بہت سے اعلیٰ

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(D) , (C) , (B) & (A) .1
(B) , (D) , (C) & (A) .2
(C) , (D) , (A) & (B) .3
(A) , (D) , (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720702. 1
2268952720703. 2
2268952720704. 3
2268952720705. 4

**Question Number : 273 Question Id : 226895701723 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

نازکی اس کے ــــــــــــــ کی کیا کہیے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

ذیل میں درج درست لفظ سے شعر کا پہلا مصرعہ مکمل کیجیے۔

1. ہونٹ
2. نظر
3. لب
4. بازو

**Options :**
2268952720706. 1
2268952720707. 2
2268952720708. 3
2268952720709. 4

**Question Number : 274 Question Id : 226895701724 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ "عیب" کی جمع کیا ہے؟

1. برائی
2. غیور
3. عاقل
4. عیوب

**Options :**
2268952720710. 1
2268952720711. 2
2268952720712. 3
2268952720713. 4

**Question Number : 275 Question Id : 226895701725 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). والے کی خاصی خبر لی ہے۔

(B). وطن کی خیر و عافیت پوچھنے کے بعد، دیس سے آنے

(C). مشہور نظم ہے جس میں انھوں نے یاران

(D). اختر شیرانی کی ایک بڑی

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(D) , (C) , (B) & (A) .1
(D) , (B) , (C) & (A) .2
(C) , (D) , (A) & (B) .3
(A) , (D) , (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720714. 1
2268952720715. 2
2268952720716. 3
2268952720717. 4

**Question Number : 276 Question Id : 226895701726 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ "روپوش" کے کیا معنی ہیں؟

1. غائب
2. مشکل
3. سامنے
4. آگے

**Options :**
2268952720718. 1
2268952720719. 2
2268952720720. 3
2268952720721. 4

**Question Number : 277 Question Id : 226895701727 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'بڑھ' کا مترادف کیا ہے؟

1. بڑا
2. چڑھ
3. طویل
4. پست

**Options :**
2268952720722. 1
2268952720723. 2
2268952720724. 3
2268952720725. 4

**Question Number : 278 Question Id : 226895701728 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). ایک فرد جب پختہ

(B). کوئی مشکل پیش نہیں آسکتی۔

(C). کرنا چاہے تو پھر اس کی راہ میں

(D). ارادے اور خلوص نیت سے کچھ

درج بالا فقروں کو غور سے پڑیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(D) , (C) , (B) & (A) .1
(D) , (B) , (C) & (A) .2
(C) , (D) , (A) & (B) .3
(A) , (D) , (C) & (B) .4

**Options :**
2268952720726. 1
2268952720727. 2
2268952720728. 3
2268952720729. 4

**Question Number : 279 Question Id : 226895701729 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'اتار' کا متضاد کیا ہے؟

1. چڑھاؤ
2. پہننا
3. رکھنا
4. سنبھالنا

**Options :**
2268952720730. 1
2268952720731. 2
2268952720732. 3
2268952720733. 4

**Question Number : 280 Question Id : 226895701730 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ "دیدنی" کے کیا معنی ہیں؟

1. حالت
2. آنکھیں
3. دیکھنے لائق
4. اندھا

**Options :**
2268952720734. 1
2268952720735. 2
2268952720736. 3
2268952720737. 4

**Question Number : 281 Question Id : 226895701731 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). ہو جائیں بلکہ وہ جذبات بھی سمجھ میں آجائیں جوان

(B). سب سے اچھا طرز ادا وہ ہے جس سے

(C). کہنے والے کے صرف خیالات ہی معلوم نہ

(D). خیالوں کے ساتھ دل میں پیدا ہوئے تھے۔

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(B), (C), (A) & (D) .1
(D), (B), (C) & (A) .2
(C), (D), (A) & (B) .3
(A), (D), (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720738. 1
2268952720739. 2
2268952720740. 3
2268952720741. 4

**Question Number : 282 Question Id : 226895701732 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. شکایت | A. مدعو کرنا |
| II. حملہ | B. دروغ گو |
| III. دعوت دینا | C. شکوہ |
| IV. جھوٹا | D. یورش |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- III, B- IV, C- I & D-II .1

A- I, B- IV, C- II & D-III .2

A- II, B- I, C- III & D-IV .3

A- IV, B- II, C- III & D-I .4

**Options :**

2268952720742. 1

2268952720743. 2

2268952720744. 3

2268952720745. 4

**Question Number : 283 Question Id : 226895701733 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**

**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

آغا حشر کاشمیری کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

1. افسانہ

2. ڈراما

3. ناول

4. تنقید

**Options :**

2268952720746. 1

2268952720747. 2

2268952720748. 3

2268952720749. 4

**Question Number : 284 Question Id : 226895701734 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**

**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. حکم ماننا | A. اطاعت |
| II. بغاوت | B. سرکشی |
| III. شرمندگی | C. ندامت |
| IV. پسندیدہ | D. مرغوب |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- II, B- III, C- I & D- IV .1
A- I, B- II, C- III & D- IV .2
A- IV, B- III, C- II & D- I .3
A- III, B- II, C- I & D- IV .4

**Options :**
2268952720750. 1
2268952720751. 2
2268952720752. 3
2268952720753. 4

**Question Number : 285 Question Id : 226895701735 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'زمین' کا متضاد کیا ہے؟

1. ماہتاب
2. کہکشاں
3. ستارے
4. آسمان

**Options :**
2268952720754. 1
2268952720755. 2
2268952720756. 3
2268952720757. 4

**Question Number : 286 Question Id : 226895701736 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست II | فہرست I |
|---|---|
| A. لمحے | I. سجاد ظہیر |
| B. روشنائی | II. اقبال مجید |
| C. سکون کی نیند | III. سریندر پرکاش |
| D. بجوکا | IV. بلونت سنگھ |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- I, B- II, C- III & D- IV .1
A- II, B- III, C- IV & D- I .2
A- IV, B- II, C- I & D- III .3
A- IV, B- I, C- II & D- III .4

**Options :**
2268952720758. 1
2268952720759. 2
2268952720760. 3
2268952720761. 4

**Question Number : 287 Question Id : 226895701737 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). ثقافتی، ادبی، سائنسی اور تاریخی موضوعات کے علاوہ ہنگامی

(B). نظریات و خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔

(C). مباحثہ ایک ایسا پروگرام ہے جس میں سماجی، معاشی، تہذیبی،

(D). نوعیت کے موضوعات اور حالات حاضرہ پر ماہرین اپنے

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(D) , (C) , (B) & (A) .1
(D) , (B) , (C) & (A) .2
(C) , (A) , (D) & (B) .3
(A) , (D) , (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720762. 1
2268952720763. 2
2268952720764. 3
2268952720765. 4

**Question Number : 288 Question Id : 226895701738 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'رقص' کے کیا معنی ہیں ؟

1. گیت
2. گانا
3. ناچ
4. کردار

**Options :**
2268952720766. 1
2268952720767. 2
2268952720768. 3
2268952720769. 4

**Question Number : 289 Question Id : 226895701739 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. زرد پتوں کی بہار | A. اختر الایمان |
| II. اس آباد خرابے میں | B. کرشن چندر |
| III. پودے | C. خواجہ حسن نظامی |
| IV. مچھر | D. رام لعل |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- I, B- II, C- III & D- IV .1
A- IV, B- II, C- III & D- I .2
A- III, B- II, C- I & D- IV .3
A- II, B- III, C- IV & D- I .4

**Options :**
2268952720770. 1
2268952720771. 2
2268952720772. 3
2268952720773. 4

**Question Number : 290 Question Id : 226895701740 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہو گی

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہو گی

درج بالا شعر کے دونوں مصرعوں مین لفظ 'بھی ہو گی' آیا ہے۔ شعری اصطلاح میں اس کو کیا کہتے ہیں؟

1. ردیف
2. قافیہ
3. مطلع
4. مقطع

**Options :**
2268952720774. 1
2268952720775. 2
2268952720776. 3
2268952720777. 4

**Question Number : 291 Question Id : 226895701741 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرستII | فہرستI |
|---|---|
| A.اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم | I. معین احسن جذبی |
| B.یہ شب یہ خیال وخواب تیرے | II.الطاف حسین حالی |
| C.زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہو گی | III.ناصر کاظمی |
| D.جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے | IV.جاں نثار اختر |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- I, B- III, C- II & D-IV .1
A- II, B- III, C- I & D-IV .2
A- III, B- I, C- II & D-IV .3
A- IV, B- I, C- III & D-II .4

**Options :**
2268952720778. 1
2268952720779. 2
2268952720780. 3
2268952720781. 4

**Question Number : 292 Question Id : 226895701742 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). صلاحیت ہو، اپنے آس پاس کی چیزوں

(B). افسانہ نگاری کے لیے ضروری ہے کہ

(C). آپ میں غور و فکر کی عادت اور

(D). اور ماحول پر گہری نگاہ ہو۔

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(B) , (C) , (A) & (D) .1
(D) , (B) , (C) & (A) .2
(C) , (D) , (A) & (B) .3
(A) , (D) , (B) & (C) .4

**Options :**
2268952720782. 1
2268952720783. 2
2268952720784. 3
2268952720785. 4

**Question Number : 293 Question Id : 226895701743 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. جذبیؔ | A.الطاف حسین |
| II. حالیؔ | B. معین احسن |
| III.شعریؔ | C.جاں نثار |
| IV.اخترؔ | D.شفیق فاطمہ |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- II, B- IV, C- III & D-I .1
A- III, B- II, C- I & D-IV .2
A- II, B- I, C- IV & D-III .3
A- II, B- III, C- I & D-IV .4

**Options :**
2268952720786. 1
2268952720787. 2
2268952720788. 3
2268952720789. 4

**Question Number : 294 Question Id : 226895701744 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست II لفظ | فہرست I معنی |
|---|---|
| A. شانہ | I. خاموشی |
| B. زانو | II. کہی ہوئی بات |
| C. قول | III. کندھا |
| D. سکوت | IV. جانگھ |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

A- III, B- IV, C- II & D-I .1
A- II, B- III, C- I & D-IV .2
A- I, B- III, C- IV & D-II .3
A- IV, B- I, C- III & D-II .4

**Options :**
2268952720790. 1
2268952720791. 2
2268952720792. 3
2268952720793. 4

**Question Number : 295 Question Id : 226895701745 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ 'عیش' کا مترادف لفظ کیا ہے؟

1. ترقی
2. سکون
3. خلش
4. آرام

**Options :**
2268952720794. 1
2268952720795. 2
2268952720796. 3
2268952720797. 4

**Question Number : 296 Question Id : 226895701746 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. بڑا | A. ادنی |
| II. گال | B. اعلی |
| III. چھوٹا | C. پاپوش |
| IV. جوتا | D. عارض |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. A- II, B- III, C- I & D-IV
2. A- III, B- I, C- IV & D-II
3. A- I, B- II, C- IV & D-III
4. A- IV, B- II, C- III & D-I

**Options :**
2268952720798. 1
2268952720799. 2
2268952720800. 3
2268952720801. 4

**Question Number : 297 Question Id : 226895701747 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

'آمدنی' کا متضاد لفظ کیا ہے؟

1. سود
2. خرچ
3. قرض
4. رقم

**Options :**
2268952720802. 1
2268952720803. 2
2268952720804. 3
2268952720805. 4

**Question Number : 298 Question Id : 226895701748 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

فہرست I اور فہرست II کا درست جوڑ ملائیں:

| فہرست I | فہرست II |
|---|---|
| I. روشن | A. دبیز |
| II. قیدی | B. آسیب |
| III. بھوت | C. تابندہ |
| IV. موٹا | D. مقید |

ذیل میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1. A- II, B- III, C- I & D-IV
2. A- III, B- I, C- IV & D-II
3. A- IV, B- III, C- I & D-II
4. A- I, B- III, C- II & D-IV

**Options :**
2268952720806. 1
2268952720807. 2
2268952720808. 3
2268952720809. 4

**Question Number : 299 Question Id : 226895701749 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

(A). اپنی اپنی خدمات پیش کرتے ہیں۔

(B). سے لے کر اسکرین پر پیش کش تک کئی مراحل

(C). ٹی وی سیریلوں کی تیاری میں کہانی لکھنے

(D). ایسے آتے ہیں جن میں ماہر لکھنے والے

درج بالا فقروں کو غور سے پڑھیے اور درست ترتیب دے کر ذیل میں دیے گئے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

1. (D), (C), (B) & (A)
2. (D), (B), (C) & (A)
3. (C), (B), (D) & (A)
4. (A), (D), (B) & (C)

**Options :**
2268952720810. 1
2268952720811. 2
2268952720812. 3
2268952720813. 4

**Question Number : 300 Question Id : 226895701750 Question Type : MCQ Option Shuffling : No Display Question Number : Yes Is Question Mandatory : No**
**Correct Marks : 5 Wrong Marks : 1**

لفظ "دریچہ" کے کیا معنی ہیں؟

1. کھڑکی
2. باغیچہ
3. میدان
4. کھیت

**Options :**

2268952720814. 1
2268952720815. 2
2268952720816. 3
2268952720817. 4